زمین کو
محفوظ بنائیں
20
18
Cathie Bleck '18

2018

سمندری انواع کو سمندری کوڑا کرکٹ سے بچائیں

زمین کو محفوظ بنائیں

البطروس اور پیلی کن سمندروں کی فضاؤں میں اونچا اڑتے ہیں۔ بحری طوطے ساحلی چٹانوں میں رہتے ہیں۔ سمندری گائے، سمندری کچھوے اور بہت سی دیگر مخلوقات سمندر کی گہرائیوں میں تیرتے ہیں۔ یہ سب منفرد اور بے بدل ہیں۔ اس کے باوجود ہمارے کچرے، بالخصوص پلاسٹک سے ان کی فلاح کو خطرات لاحق ہیں۔

ہمارے سمندر الگ تھلگ نہیں ہیں۔ وہ ماحولیاتی نظام سے باہم مربوط ہیں۔ وہ زمین کی 70 فیصد سے زائد سطح پر پھیلے ہوئے ہیں اور دنیا میں پانی کی ترسیل کا 97 فیصد ہیں۔

دنیا بھر میں پلاسٹک کا کوڑا کرکٹ ہمارے سمندروں اور آبی راستوں کے لیے ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکا ہے۔ یہ محض بدنما ہی نہیں ہے بلکہ انسانوں سمیت جانوروں کے لیے زہریلا بھی ہے۔

ہر سال سمندروں میں پھینکا جانے والا یا برساتی پانی کے ساتھ سمندر میں جا گرنے والا کئی ملین ٹن پلاسٹک درحقیقت کہیں غائب نہیں ہوتا۔ پلاسٹک کے تھیلے، بوتلوں کے ڈھکنے، سگریٹوں کے ٹوٹے، بوتلیں اور بڑی بڑی اشیا دور دراز کے اُن جزیروں کے ساحلوں پر جا لگتے ہیں جو کبھی انتہائی صاف و شفاف ہوا کرتے تھے۔

پانی سے خوراک کے ذرات کو علیحدہ کر کے کھانے والے "فلٹر فیڈر" کہلانے والے جانور پلاسٹک کے ان باریک ذرات کو خوراک کے ساتھ کھا جاتے ہیں۔ فلٹر فیڈر کا تعلق ننھی منی کرِل سے لے کر بالین وہیل تک ہے۔ اِن کی وجہ سے مقبول عام سمندری خوراک کی انواع پھلتی پھولتی ہیں۔ لہذا یہ جو کچھ کھاتی ہیں ممکن ہے یہ آپ کے کھانے کی پلیٹ تک پہنچ جائے۔

ماہی گیری کے جالوں، ہتھ کنڈوں، سمندر میں رہنمائی کے لیے نصب شدہ نشانوں جیسی سمندروں میں تیرتی ہوئی بوسیدہ اشیا بھی سمندری جانوروں کو الجھا کر یا جال میں پھنسا کر ہلاک کر دیتی ہیں۔ اسے "جناتی ماہی گیری" کہا جاتا ہے۔

ہر روز آپ ایسی چیزیں پھینک دیتے ہیں جو زندگیوں کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں۔ اِن کے بارے میں سوچیں۔

یہ سمندروں کو صاف کرنے کا وقت اور انہیں کچرے سے بھرنا بند کرنے کا وقت ہے



1 بوتل نما ناک والی ڈولفن
2 سمندری گائے
3 بالیم وہیل
4 رائیہ مچھلی
5 ہیڈک
6 وہیل شارک
7 البطروس
8 ماہی بر
9 زیر آب تیرنے والی مرغابی
10 سمندری کچھوا
11 واہو
12 پیلیکن
13 ہوائی کی مونک سیل
14 بحراوقیانوس کا طوطا
15 انٹارکٹک کی سیل
16 پیراکُو
17 جھینگا مچھلی
18 ڈیول رے مچھلی
19 جھینگے
20 بحری شارک
21 گھونگھے
22 کیکڑا
23 نیلا کیکڑا
24 مونگا
25 گھوڑا مچھلی
26 مچھلی کے انڈے

امریکی محکمہ خارجہ
بین الاقوامی معلومات کے پروگراموں کا بیورو
تصویری خاکہ: کیتھی بلیک۔ تصاویر: Shutterstock.com